# صحیح بخاری

مدرس

حضرت علامہ مولانا محمد شہباز ظفر المدنی صاحب مدظلہ العالی

طالب دعا: محمد عقیل بن محمد منور عطاری

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ اوکاڑہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کتاب المناقب

## معروضی MCQ,

| د | ج | ب | ا | سوال |
|---|---|---|---|---|
| حاجی | متقی | روزہ دار | نمازی | 1. من اکرم الناس ؟لوگوں میں عزت والا کون ہے؟ |
| بنوقریظہ | اوس | مضر | خزرج | 2. آقا کریم ﷺ کس قبیلہ سے تھے؟ |
| جنوب | شمال | مغرب | مشرق | 3. آقا کریم ﷺ نے فرمایا کہ اس طرف سے فتنے اٹھیں گے؟ |
| اہل مکہ | اہل حجاز | اہل یمن | شام والوں میں | 4. ایمان کن میں ہوگا؟ |
| اہل قریش میں | اہل شام میں | اہل مکہ میں | اہل مدینہ میں | 5. خلافت کن میں رہے گی؟ |
| اہل مکہ | اہل غنم | اہل علم | اہل وبر | 6. سکینہ کن میں رہے گا؟ |
| حجاز | آل سعود | شام | قریش | 7. قرآن کن کی زبان پہ نازل ہوا؟ |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | 8. جامع القرآن کون ہیں؟ |
| منافق | کامل مومن | کافر | متقی | 9. عبداللہ بن ابی بن سلول کون تھا؟ |
| قریش | قحطان | غفار | مضر | 10. حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کس قبیلہ سے تھے؟ |
| لباس سے | نام سے | کنیت | لقب | 11. حضور ﷺ نے منع فرمایا اپنی مثل؟ |
| سینے پر | کندھوں کے درمیان | پیشانی میں | ہاتھوں میں | 12. آقا کریم ﷺ کی مہر نبوت کہاں تھی؟ |
| ملائکہ | اولیاء کرام | تابعین | صحابہ کرام | 13. والذین معہ اشداء علی الکفار۔اس سے کون لوگ مراد ہیں؟ |
| اخلاق | اباؤاجداد | ارحام | قبائل | 14. شعوب سے کیا مراد ہے؟ |
| رجلہ | یدہ | اذنہ | قلبہ | 15. کان النبی ﷺ تنام عینہ ولا ینام ۔؟ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16. آقا کریم ﷺ کے بغل مبارک میں؟ | سفیدی تھی | سرخی تھی | روشنی تھی | گندمی رنگ تھا |
| 17. "ابط" کسے کہتے ہیں؟ | بغل | ہتھیلی | کہنی | پنڈلی |
| 18. آقا کریم ﷺ کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟ | مثل سیف | مثل شمس | مثل قمر | مثل سراج |
| 19. آقا کریم ﷺ کی ظاہری زندگی کے آخری سال جبرائیل علیہ السلام نے کتنی بار قران کا دور کیا؟ | ایک بار | دو بار | تین بار | پانچ بار |
| 20. آقا کریم ﷺ نے فرمایا "کہ میں قریش سے ہوں اور لوگ قریش کے۔۔؟ | امیر ہیں | محبوب ہیں | دوست ہیں | تابع ہیں |

## مختصر سوالات

### سوال1: شعب اور قبائل سے کیا مراد ہے؟

جواب: بڑے قبیلے کو شعب کہتے ہیں اس کی جمع شوب۔

اسے شعب کے تحت آنے والے چھوٹے قبائل کو قبیلہ کہتے ہیں اور قبائل تعارف کے لئے بنائے گئے نہ کہ افضیلت ظاھر کرنے کے لئے۔

### سوال2: لوگوں کو معادن سے تشبیہ کیوں دی؟

جواب: اس لئے کہ کان میں سونا، چاندی بھی ہوتا ہے اور ریت، لوہا بھی ہوتا ہے یعنی عمدہ چیز بھی ہوتی ہے اور گھٹیا چیز بھی ہوتی ہے۔

اسی طرح لوگوں میں بھی کچھ عمدہ اخلاق والے ہوتے ہیں اور کچھ برے اخلاق والے۔

### سوال3: قربی سے کیا مراد ہے؟

جواب: قربی سے مراد آقا کریم ﷺ کے قرابت دار ہیں

یعنی حضرت عبدالمطلب کی وہ اولاد جو ایمان لائی اور حالت ایمان میں ہی دنیا سے رخصت ہوئی۔

### سوال4: خیار ھم فی الجاھلیۃ خیار ھم فی الاسلام۔ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد یہ ہے کہ جو لوگ زمانہ جاھلیت میں اچھے خاندان اور اچھے نسب والے تھے وہ اسلام میں بھی اچھے ہیں بشر طیکہ وہ دین کو اچھی طرح سمجھ لیں۔

### سوال5: ذا الوجھین سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد "دو چہروں والے"

یعنی جو لوگوں کے سامنے کچھ اور ہوں لیکن ان کی عدم موجودگی میں ان کے خلاف ہوں۔ الذی یاتی ھٰؤلاء بوجہ ویاتی ھٰولاء بوجہ۔

### سوال6: من ھٰھناجاءت الفتن سے حضور ﷺ نے کس طرف اشارہ کیا؟

جواب: اس سے مراد: آقا کریم ﷺ نے مشرق کی جانب اشارہ فرمایا تھا۔ کہ مشرق کی طرف سے فتنے اٹھیں گے۔ بعض علمائے کرام لکھتے ہیں کہ وہ فتنہ ابن عبدالوھاب نجدی تھا۔

**سوال7: آقا کریم ﷺ نے فرمایا' کون سے قبیلے میرے مدد گار ہیں؟**

جواب: قال رسول الله ﷺ:

قریش ، والانصار ،وجھینہ،ومزینہ،واسلم،اشجع،وغفار موالی

لیس لھم مولی دون الله ورسولہ۔

**سوال8: اپنا نسب بدلنے کے بارے حدیث مبارکہ میں کیا حکم ہے؟**

جواب: آقا کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے اپنے آپ کو کسی اور قوم سے منسوب کیا جس میں اس کا نسب نہیں ہے تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

**سوال9: جھوٹا خواب بیان کرنے کے بارے میں حدیث مبارکہ میں کیا حکم ہے؟**

جواب: سب سے بڑی جھوٹی باتوں میں سے یہ ہے کہ آدمی وہ چیز دیکھنے کا دعوی کرے جو اس نے نہیں دیکھی۔

**سوال10: قبیلہ قحطان کے بارے حدیث مبارکہ میں کیا ذکر ہے؟**

جواب: آقا کریم ﷺ نے فرمایا:

کہ قیامت قائم نہیں ہو گی یہاں تک کہ قحطان سے ایک آدمی نکلے گا جو لوگوں کو لاٹھی سے چلائے گا یعنی حکومت کرے گا۔

**سوال11: گریبان پھاڑنے، رخساروں پہ مارنے کے بارے کیا حکم ہے؟**

جواب: آقا کریم ﷺ نے فرمایا: کہ وہ ہم میں سے نہیں جو گریبان پھاڑے، رخساروں پہ مارے اور جاھلیت جیسی باتیں کرے۔

**سوال12: ختم نبوت پہ حدیث مبارکہ لکھیں۔**

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: کہ میری اور مجھ سے قبل انبیاء کرام کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی آدمی گھر بنائے خوبصورت اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دے اور کوئی دیکھنے والا کہے کیا خوبصورت گھر ہے مگر یہ اینٹ کہاں ہے؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اینٹ میں ہو اور میں خاتم النبیین ہوں۔

**سوال13: مہر نبوت کہاں تھی اور کس طرح تھی؟**

آقا کریم ﷺ کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت تھی اور کبوتری کے انڈے کی طرح سفید تھی۔

**سوال14: نبی اکرم ﷺ کا حلیہ بیان کریں۔**

- نبی اکرم ﷺ بہت لمبے قد کے نہ تھے اور نہ ہی زیادہ پست قد تھے۔
- آپ ﷺ کا رنگ میدے کی طرح سفید تھا اور نہ ہی گندمی تھا۔
- نہ ہی سخت گنگریالے بال اور نہ ی سیدھے لٹکے ہوئے تھے
- آپ ﷺ کے سر اور داڑھی میں 20 سے کم بال سفید تھے۔

- آپ ﷺ کا چہرہ تمام لوگوں سے زیادہ حسین تھا۔

## معروضی MCQ,

| سوال | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|
| 1. فنظرت الی السحاب تصدع حول المدینۃ کانہ اکلیل میں خط کشیدہ کا معنی ہے؟ | پتھر | جواہر سے سجا ہوا | کنواں | بارش |
| 2. حدیبیہ کے کنویں میں حضور ﷺ نے کیا ڈالا جس کی وجہ سے پانی جاری ہو گیا؟ | ہاتھ | پاؤں | کلی | ڈول |
| 3. جاء ابو بکر الی ابی فی منزلہ فاشتری منہ رحلا خط کشیدہ کا کیا معنی ہے؟ | کجاوا | سواری | زرہ | مسواک |
| 4. حضور ﷺ نے حضرت ابو بکر کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت کس وقت کی؟ | رات کے وقت | دوپہر کے وقت | شام کے وقت | صبح کے وقت |
| 5. حضرت جابر سے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ھل لکم من انماط تو انماط کا کیا معنی ہے؟ | قالین | گھر | زیورات | سواریاں |
| 6. "حضور نے قیامت کے قائم ہونے کے حوالے سے ارشاد فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک تم ایسی قوم سے جنگ نہ کر لو" تو اس قوم کی کیا نشانی تھی؟ | ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے | وہ اکڑ کر چلتے ہوں گے | کپڑے زمین پر رگڑتے ہوں گے | ان کی آنکھیں موٹی ہوں گی |
| 7. حضرت ابو بکر نے حضرت ابن عباس سے کس آیت کی تفسیر پوچھی؟ | اذا جاء نصر اللہ والفتح | قل ھواللہ احد | تبت یدا ابی لھب | انا فتحنا لک فتحا مبینا |
| 8. کان وجوھھم المجان المطرقۃ خط کشیدہ کا معنی؟ | منڈھی ہوئی ڈھال | نوک دار خنجر | زرہ | چمکتی تلوار |
| 9. جب جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس | ام سلمہ رضی اللہ | عائشہ رضی اللہ | ام کلثوم رضی اللہ | خدیجہ رضی اللہ عنھا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تشریف لائے تو کون سی ام المؤمنین حضور ﷺ کے پاس موجود تھیں اور حضرت جبرائیل حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ کی شکل میں آئے؟ | عنہا | عنہا | عنہا | |
| .10 حضور نے کھانے کیلئے کتنے افراد کو بلانے کا فرمایا؟ | دس دس | پندرہ پندرہ | بیس بیس | تیس تیس |
| .11 حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس کس صحابی کی شکل میں تشریف لائے جب حضور ﷺ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود تھے؟ | حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت زید رضی اللہ عنہ | حضرت اسامہ |
| .12 حضور ﷺ نے ارشاد فرمایاستکون فتن القاعدفیھا خیر من۔ ؟ | القائم | الماشی | النائم | اللابس |
| .13 "سوارین" کا لغوی معنی؟ | دو کنگن | دوسواریاں | دوپتھر | دوسوار |
| .14 "تنافسوا" سے کیا مراد؟لفظی ترجمہ۔ | تم رغبت رکھتے ہو | تم اعراض کرتے ہو | تم سوتے ہو | تم چلتے ہو |

## مختصر سوالات

**سوال1: حدیث پاک کا ترجمہ؟** "اسرینا لیلتنا ومن الغد حتٰی قام قائم الظھیرۃ"

جواب: ہم دن اور رات بھر چلتے رہے یہاں تک کہ ٹھیک دوپہر ہو گئی۔

**سوال2: ثابت بن قیس کا آواز بلند کرنے والا قصہ بیان کریں۔**

جواب: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ بلند آواز بزرگ تھے حضور ﷺ کی بارگاہ میں بھی اونچی آواز سے بات کرتے تھے جب یہ آیت نازل ہوئی "یا ایھا الذین لا ترفعوا اصوتکم فوق صوت النبی " تو انہوں نے سمجھا کہ یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی ہے اور وہ گھر بیٹھ گئے تو حضور ﷺ نے ان کے بارے میں پوچھا تو ایک شخص جوان کا پڑوسی تھا اس نے عرض کیا کہ میں ان کے بارے میں آپ کو خبر دوں گا جب انہوں نے ان کے بارے میں میں حضور ﷺ کی بارگارہ میں عرض کی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آپ اہل نار سے نہیں بلکہ اہل جنت ہیں یہ ان تک خوشخبری پہنچادو۔

**سوال3: مختصر وضاحت کریں** " لا تقوم الساعۃ حتی یقتل فئتان فتکون بینھما مقتلۃ عظیمۃ"

جواب: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوی جب تک دو گروہ آپس میں نہ لڑیں ان کے درمیان بڑی لڑائی ہو گی۔

اس سے مراد شارحین نے حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ کے درمیان ہونے والی جنگ صفین ہے جس میں ایک سو دن تک مقابلہ ہوتا رہا اور ستر ہزار مسلمان شہید ہوئے۔

**سوال4: ترجمہ کریں** "حمر الوجوہ فطس الانوف صغار الاعین وجوھھم المجان المطرقۃ نعالھم الشعر"

جواب: سرخ چہرے والے، چپٹی ناک والے، چھوٹی آنکھ والے، ان کے چہرے تہ بہ تہ منڈھی ہوئی ڈھال کی طرح ہوں گے اور ان کا جوتا بال کا ہوگا۔

**سوال5: استون حنانہ والا واقعہ بیان کریں۔**

جواب: حضرت عبداللہ بن عمر نے روایت کیا کہ نبی کریم ﷺ ایک کھجور کے تنے پر ٹیک لگا کر خطبہ دیتے تھے تو آپ ﷺ کے لئے منبر بنایا گیا تو آپ ﷺ منبر پر تشریف لے گئے تو وہ ستون رونے لگا تو آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا اور اس کو خاموش کروایا۔

**سوال6: انگشتان مبارک سے پانی بہنے کا واقعہ تحریر کریں۔**

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ہم نشانیوں کو برکت سمجھتے ہیں اور ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر پر تھے پانی ختم ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھوڑا سا بچا ہوا پانی تلاش کرو تو ایک برتن لایا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا آپ ﷺ نے اس میں اپنا دست مبارک رکھا تو ہم نے دیکھا کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں سے پانی ابل رہا تھا۔

**سوال7: ستکون اثرۃ کی وضاحت فرمائیں۔**

جواب: اس سے مراد ترجیحی نظام ہوگا حضور ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ عنقریب ترجیحی نظام ہوگا کہ اپنے رشتہ داروں کو ترجیح دی جائے گی نااہل کو ترجیح دی جائے گی اور اہل لوگ محروم رہے گے۔

**سوال8: حضور ﷺ نے کتنے دجالوں کے بارے میں خبر دی؟**

جواب: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تیس کے قریب جھوٹے دجال پیدا نہ ہولیں۔

**سوال9: سکینہ کی وضاحت کریں۔**

جواب: سکینہ سے مراد "اللہ کی طرف سے ایک نشانی ہے جو قبولیت اور نزول رحمت کی دلیل ہے جس کے ساتھ فرشتے ہوتے ہیں جو قرآن سنتے ہیں"

**سوال10: مسیلمہ کذاب نے حضور ﷺ کے پاس حاضر ہو کر اسلام لانے کی کیا شرط لگائی تھی؟**

جواب: مسیلمہ کذاب نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی تھی کہ اگر آپ ﷺ مجھے اپنا ولی عہد بنالیں تو میں اسلام قبول کرلوں گا تو حضور ﷺ کے ہاتھ مبارک میں کھجور کی شاخ کا ٹکڑا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو مجھ سے یہ ٹکڑا بھی مانگے تو میں تجھے نہیں دوں گا۔

**سوال11:** "رایت فی یدی سوارین" **میں سوارین سے کیا مراد ہے؟**

جواب: "سوارین" کی تعبیر حضور ﷺ نے دو کذابوں سے کی ہے جو حضور ﷺ کے بعد ہوئے ہیں (1) اسود (2) مسیلمہ کذاب

**سوال12:** "فی بعض نزعہ ضعف" **میں ضعف کی وضاحت فرمائیں۔**

جواب: ضعف کا لغوی معنی کمزور ہونا ہے اور حدیث کے سیاق سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے اس سے ان کی خلافت کے دور میں مسلمانوں کو کیا فائدہ پہنچے گا یہ بیان کرنا چاہتے تھے۔ اور حضرت ابو بکر کے دور میں چونکہ فتنوں کی وجہ سے فتوحات بہت کم ہیں فتنے کثیر تھے تو حضور ﷺ نے اس کی طرف اشارہ فرمایا اور کنویں سے پانی کھینچ کر لوگوں کو پلانا یہ اشارہ دنیوی ستائش اور فراخی کی جانب ہے یہ بات حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے دور میں برائے نام تھی اس لئے ضعف سے تعبیر فرمایا۔

**سوال 13: "لکن ان تنافسو افیھا" کا ترجمہ کریں۔**

جواب: لیکن یہ کہ تم دنیا میں رغبت رکھو گے اس حدیث میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے تمہارے شرک میں مبتلا ہونے کا خوف نہیں ہے لیکن یہ خوف ہے کہ تم دنیا کی طرف مائل ہو جاؤ گے اس میں رغبت رکھو گے دین کے کام میں سستی کرو گے۔

**سوال 14: انبیاء کرام کے خواب کے بارے میں کیا حکم ہے؟**

جواب: انبیاء کے خواب نبوت کا حصہ ہوتے ہیں اور سچے ہوتے ہیں ان کے خواب یقینی ہوتے ہیں۔

**سوال 15: غیر نبی کے خواب کا کیا حکم ہے؟**

جواب: غیر نبی کا خواب قطعی نہیں ہوتا اس کے ذریعے کسی پر کوئی حکم نہیں لگا سکتے۔

## معروضی MCQ,

| سوال | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|
| 21. ایک دن حضور نبی کریم ﷺ حضرت حسنین مجتبی رضی اللہ عنہ کو اٹھائے ہوئے تشریف لائے اور منبر پر تشریف فرما ہو گئے اور فرمایا میں امید کرتا ہوں اللہ ان کے ذریعے دو جماعتوں میں صلح کروائے گا وہ جماعتیں کونسی ہیں | حضرت عمر اور علی رضی اللہ عنھما | حضرت علی اور معاویہ رضی اللہ عنھما | حضرت صدیق اور عثمان رضی اللہ عنھما | حضرت صدیق اور حضرت علی رضی اللہ عنھما |
| 22. دو مسلمانوں کی جماعتوں کے درمیان صلح کروانے والے کون صحابی ہیں؟ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت حسن مجتبی رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ |
| 23. حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے حضور ﷺ نے فرمایا: ھل لکم من انماط۔ انماط کا معنی کیا ہے؟ | چادریں | قالین | پردے | جڑی بوٹیاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| .24 ابوالحکم کس کی کنیت ہے؟ | ابوجہل کی | امیہ بن خلف کی | حضرت بلال کی | ان میں سے کوئی بھی نہیں |
| .25 حضرت سعد بن معاذ کس قبیلے کے سردار تھے؟ | قبیلہ اوس | قبیلہ عدی | قبیلہ خزرج | کوئی نہیں |
| .26 حدیث پاک میں آیا: حضرت ابو بکر صدیق نے ایک ڈول یا دو ڈول نکالے۔اس سے کیا مراد ہے؟ | کمزوری | ہمدردی | پیارومحبت | خلافت |
| .27 حدیث پاک میں آیا: فلم ارٰی عَبقَریا فی الناس میں لفظ عبقریا کا کیا معنی ہے؟ | کمزور | بزدل | طاقتور | طاقتور اور ہر کام میں ماہر |
| .28 حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانہ خلافت کتنا ہے؟ | 2سال چار ماہ | 3سال چار ماہ | 4سال چار ماہ | 5سال چار ماہ |
| .29 حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں حضرت جبرائیل علیہ السلام کس صحابی کی شکل میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے؟ | حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | ابو بکر کی شکل میں |
| .30 انشقاق القمر سے کیا مراد ہے؟ | چاند کا گرنا | چاند کا روشن ہونا | چاند کا بے نور ہونا | چاند کا ٹکڑے ہونا |
| .31 حضور ﷺ نے فرمایا لا یزال الناس من امتی ظاھرین میں ظاہرین سے کیا مراد ہے؟ | غالب رہنا | ختم ہونا | نمازی ہونا | کمزور ہونا |
| .32 جن دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو حضور ﷺ نے چھڑی دی اور وہ روشن ہو گئی تھی اور وہ روشن چھڑی کے ذریعے اپنے گھر پہنچے ان دو صحابہ رضی اللہ عنہما کے نام کیا تھے؟ | اسید بن حضیر اور عباد بن بشیر رضی اللہ عنہا | عبادہ بن صامت اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہما | عبداللہ بن زبیر اور عثمان رضی اللہ عنہما | عبداللہ بن عمر اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہا |
| .33 نبی کریم ﷺ کے وصال فرمانے کے بعد اسلام کے سب سے پہلے خلیفہ کون تھے؟ | حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ |
| .34 حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام حضور ﷺ نے کیا رکھا؟ | عبدالمطلب | عبداللہ | ابوقحافہ | زید |
| .35 غار ثور میں حضور ﷺ کے ساتھ کون سے صحابی تھے؟ | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | حضرت عبداللہ بن زبیر رضی | حضرت صدیق اکبر رضی اللہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | اللہ عنہ | عنہ | |
| 36. حضور ﷺ نے کس صحابی کے لئے فرمایا: لو کنت متخذا خلیلا | ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | زید بن حارث رضی اللہ عنہ | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ |
| 37. حتی اشفق ابو بکر فجثا علی رکبتیہ میں خط کشیدہ اشفق کا معنی کیا ہے؟ | خوف زدہ ہوا | خوش ہوا | ناراض ہوا | منہ پھیر لیا |
| 38. فجعل وجہ النبی ﷺ یتمعّر ما معنی یتمعّر | یتقبّل | یتغیر | ینصر | یکرم |
| 39. غزوہ ذات السلاسل کے امیر کون تھے؟ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت حمزہ | حضرت ابن عباس | عمرو بن العاص |
| 40. امت محمدیہ کا وہ کونسا شخص ہے جس کو جنت کے آٹھوں دروازوں سے پکارا جائے گا؟ | ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | عثمان غنی رضی اللہ عنہ | حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ |

## مختصر سوالات

### سوال 1: حضرت معاذ کے بیٹے سعد (سعد بن معاذ) کی جرات بیان کریں۔

جواب: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ مدینہ میں رہنے والے تھے وہ عمرہ کی نیت سے مکہ میں گئے وہاں امیہ بن خلف کے ہاں قیام کیا۔امیہ بھی ان کے ہاں قیام کر لیا کرتا تھا جب وہ شام میں تجارت کے لئے تشریف لے جایا کرتے۔امیہ نے کہا کہ جب دوپہر کا وقت ہو جائے اور لوگ غافل ہو جائیں تو تم طواف کر لینا لیکن سعد بن معاذ نے طواف کرنا شروع کر دیا۔ابو جہل نے دیکھا اور دیکھ کر منع کیا لیکن سعد بن معاذ نے اپنا طواف جاری رکھا اور امیہ سے کہا اگر تم نے میرا طواف بند کیا تو میں تمہارا تجارت والا راستہ بند کر دوں گا۔

### سوال 2: واقعہ شق القمر پر بخاری کی روشنی میں ایک حدیث لکھیں۔

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: (انشق القمر علی عهد النبی ﷺ شقین فقال النبی ﷺ اشهدوا)

سوال 3: "دو آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے انہیں دیر ہو گئی تو حضور ﷺ نے ان کو چھڑی دی" اس کی وضاحت کریں۔

جواب: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دو آدمی حضور کے صحابہ میں سے حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے اور وہ اندھیری رات میں حضور ﷺ کی بارگاہ سے رخصت ہوئے لیکن دو چراغ کی طرح کی کوئی چیز ان کے روشنی کرتی جاتی تھی پھر جب یہ دونوں جدا ہوئے تو وہ چیز دونوں کے ساتھ

الگ الگ ہو گئی اس طرح وہ اپنے گھر والوں کے پاس پہنچ گئے۔

**سوال4: حضور ﷺ نے فرمایا:** الخیر معقود بنو اصی الخیل الی یوم القیا مۃ **کا ترجمہ کریں۔**

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: بھلائی قیامت تک گھوڑے کی پیشانی می ں باندھ دی گئی ہے۔ یہ حدیث پاک مسلمانوں کو جہاد پر ابھارنے کے لئے ہے۔

**سوال5: کس آدمی کے لئے گھوڑا اجر ہے؟ کس کے لئے ستر ہے؟ اور کس کے لئے گناہ ہے؟ بیان کریں۔**

- جواب: جس نے اللہ تعالی کے راستے میں گھوڑا باندھا یعنی جہاد کے لئے گھوڑا باندھا اس کے لئے اجر و ثواب ہے حالانکہ اس گھوڑے کے کھانے پینے اور لید وغیر میں بھی اجر و ثواب ہے۔
- اور جس بندے نے گھوڑا اپنی ضروریات کے لئے باندھا اور اس گھوڑے میں اللہ تعالی کے حق کو بھی بھولا تو اس بندے کے لئے گھوڑا پردہ ہے
- اور جس بندے نے گھوڑا تکبر و ریاء کے لئے باندھا تو اس کے لئے یہ گھوڑا باندھنا گناہ و بال ہے۔

**سوال6: صحابہ کی تعریف کریں۔/صحابی کی تعریف کریں۔**

جواب: "من صحب النبی ﷺ او رآہ من المسلمین فھو من اصحابہ" ۔ ترجمہ: جس بندے نے ایمان کی حالت میں نبی کریم ﷺ کو دیکھا یا حضور ﷺ ک صحبت پائی وہ صحابی کہلاتا ہے۔

**سوال7: ترجمہ کریں۔** " ان بعدکم قوما یشھدون و لا یُستَشہَدون ویخوفون و لا یؤمنونَ وینذرون و لا یفون ویظھر فیھم السمن"

جواب: "بے شک تمہارے بعد ایسی قوم پیدا ہو گی جو بغیر کہے گواہی کے لئے تیار ہو جایا کرے گی اور ان میں خیانت اور چوری اتنی عام ہو جائے گی کہ ان پر کس قسم کا بھروسہ باقی نہیں رہے گا اور نذریں مانیں گے لیکن انہیں پورا نہیں کریں گے اور ان پر مٹاپا عام ہو جائے گا۔

**سوال8: قرآن پاک میں آیا"** للفقراء المھاجرین **"مہاجرین کی تعریف کریں۔**

جواب: (1) مہاجرین ان مسلمانوں کو کہتے ہیں جو قبل فتح مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ آئے

(2) انصار اور فتح مکہ کے موقع پر یا اس کے بعد جو مسلمان ہوئے ان کو چھوڑ کر تمام مسلمان مہاجرین ہیں خواہ وہ کہیں کے باشندے ہوں۔

**سوال9: حضور ﷺ کے بعد صحابہ کے درمیان افضیلت کی ترتیب بیان کریں۔**

جواب: ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کے درمیان ایک دوسرے پر فضیلت دیتے تھے ہم سب سے افضل ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مانتے پھر عمر بن خطاب کو پھر عثمان غنی کو (بحوالہ بخاری شریف جلد اول صفحہ 646 حدیث نمبر 3655)

**سوال10: حضور ﷺ نے فرمایا"** لو کنت متخذا خلیلا **"میں خلیل کی تعریف کریں۔**

جواب: خلیل خلّۃ سے مشتق ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ سب سے رشتہ ناطہ توڑ کر صرف اللہ کے ساتھ تعلق قائم رکھے اور صرف اسی کے ساتھ محبت قائم رکھے۔ دوسرا معنی۔ جو کسی کے ساتھ مختص ہو کر رہ جائے۔

**سوال11: محمد بن حنفیہ نے اپنے باپ سے کیا سوال کیا تھا؟ اور اس کا جواب؟**

محمد بن حنفیہ نے اپنے باپ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا تھا لوگوں میں حضور ﷺ کے بعد افضل کون ہے ؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: حضور ﷺ کہ حضور ﷺ کے بعد افضل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ بیٹے نے پھر سوال کیا پھر کون؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت عمر بن خطاب۔ بیٹے نے عرض کیا پھر آپ ہیں؟ حضرت علی نے جواب دیا میں تو ایک مسلمان آدمی ہوں۔

**سوال 12: ترجمہ کریں۔** " اقام الناس معہ و لیسوا علی ماء و لیس معھم ماء"

جواب: لوگ بھی ان کے ساتھ ٹھہرے اور وہ لوگ نہ تو پانی پر تھے اور نہ ہی ان کے پاس پانی تھا۔ (اس حدیث پاک میں تیمم کا ذکر ہے)

**سوال 13: شان صحابہ پر بخاری شریف کی روشنی میں ایک حدیث پاک لکھیں۔**

جواب: سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

قال رسول اللہ ﷺ : لا تسبّوا اصحابی فلو ان احدکم انفق مثل أُحد ذھبا ما بلغ مد احدھم و لا نصفہ" (بحوالہ بخاری شریف صفحہ 649 جلد اول مکتبہ رحمانیہ حدیث نمبر 3673)

**سوال 14: جس دن حضرت ابو موسیٰ اشعری حضور ﷺ کے دربان تھے تو حضور ﷺ نے کن کن صحابہ کو جنت کی بشارت دی؟**

جواب: اس حضور ﷺ نے تین صحابہ کرام کو جنت کی بشارت دی۔ ان میں سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، دوسرے حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔

**سوال: ترجمہ کریں:** اتقتلون رجلا ان یقول ربّی اللہ و قد جاءکم بالبیّنات من ربکم ۔

جواب: کیا تم ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جو کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور تحقیق تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں آچکی ہیں۔

## معروضی MCQ,

| سوال | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|
| 1. قریش کی عورتیں پیارے آقا ﷺ سے باتیں کر رہی تھیں؟ | ہلکی آواز میں | بلند آواز میں | درمیانی آواز میں | تیزی کے ساتھ |
| 2. پیارے آقا ﷺ کو مسکراتے دیکھ کر حضرت عمر نے کیا کہا؟ | اطال اللہ عمرک | اضحک اللہ سنّک | یرحمک اللہ | یغفر اللہ لنا و لکم |
| 3. جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کفن وغیرہ دیا گیا تو کس نے ابن عباس کا کندھا پکڑ کر حضرت عمر کے لئے دعائے رحمت کی؟ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ | حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4. جب پیارے آقا ﷺ احد پہاڑ پر چڑھے اور وہ جھومنے لگا اس وقت آپ کے ساتھ اور کون کون تھے؟ | امام حسن، حسین، زین العابدین رضی اللہ عنھم | حضرت ابو بکر، عمر فاروق، عثمان غنی رضی اللہ عنھم | ابو ھریرہ، انس، طلحہ رضی اللہ عنھم | علی، ابو عبیدہ، زبیر بن عوام رضی اللہ عنھم |
| 5. جب آدمی نے قیامت کے بارے سوال کیا تو آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟ | تم نے کتنی نمازیں پڑھی | کتنے روزے رکھے | کتنے حج کئے | کیا تیاری کی |
| 6. قال علیہ السلام:"لقد کان فیما کان قبلکم من الامم ناس؟ | محدثون | صائمون | مصلّون | ذاکرون |
| 7. حدیث پاک میں (یوم السبع) سے مراد کیا ہے؟ | فتنوں کا دن | آزادی کا دن | غم کا دن | عید کا دن |
| 8. پیارے آقا ﷺ نے خواب میں حضرت عمر کی قمیص کو دیکھا جو زمین پر گھسٹ رہی تھی (یعنی لمبی تھی) اس کی آپ ﷺ نے کیا تاویل فرمائی؟ | دین | دنیا | علم | عمل |
| 9. حضرت عمر نے کتنے سونے کا کہا کہ میں اسے عذاب الٰہی کے بدلے دنیا میں صدقہ کر دوں؟ | زمین بھر | ایک صاع | دو مد | پانچ صاع |
| 10. جب پیارے آقا ﷺ مدینہ شریف کے ایک باغ میں تھے تو کس کے آنے پر انہیں جنت کی خوشخبری دی اور ایک مصیبت کی جو انہیں عنقریب پہنچے گی؟ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ |
| 11. آپ ﷺ جب باغ میں تھے تو آپ کے بوّاب کون تھے؟ | ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ | زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ | حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ |
| 12. بئر رومہ کس نے خریدا اور اس پر جنت کی بشارت حاصل کی؟ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | مولی علی رضی اللہ عنہ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ |
| 13. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کس شخص کے بارے شکایت کی گئی؟ | ولید بن عقبہ بن معیط | زبیر بن عوام | طلحہ بن زید | زید بن حارث |
| 14. جب اھل قریش میں سے ایک شخص نے خانہ کعبہ میں موجود قریش کی جماعت سے پوچھا تمہارے سردار کون تو انہوں نے کس کا نام لیا؟ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ | عثمان غنی رضی اللہ عنہ | مولی علی رضی اللہ عنہ |
| 15. حضرت عثمان غزوہ بدر میں کیوں شریک نہیں | آپ کی زوجہ بیمار | آپ بیمار تھے | آپ کو علم نہیں | آپ گئے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہوئے؟ | تھی | | تھا | |
| 16. حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والے کا نام کیا ہے؟ | ابن ملجم | ابولؤلؤ | حجاج بن یوسف | یزید |
| 17. جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اس وقت کتنے صحابہ کرام زخمی ہوئے؟ | 13 | 12 | 7 | 10 |
| 18. وکان العباس اکثرھم---؟ | رقیقا | صائما | خائفا | ذاکرا |
| 19. جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے تو ان کے پاس کون کونسا مشروب لایا گیا؟ | دودھ اور نبیذ | پانی اور دودھ | شہد ملا پانی | زمزم شریف |
| 20. جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مرض الموت میں تھے تو آپ نے اپنے بیٹے سے کہا کہ غور کرو مجھ پر کتنا قرض ہے تو انہوں نے کتنا بتایا؟ | ستۃ وثمانین الفا | سبعۃ وثمانین الفا | خمسۃ وثمانین الفا | ستۃ وسبعون الفا |
| 21. جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مرض الموت میں تھے تو انہوں نے ابن عمر کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا کے پاس کیوں بھیجا؟ | کہ وہ انکے صاحبوں کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت دیں | کہ انکو معاف کردیں | کہ وہ کچھ پیسے دے دیں | کہ وہ کچھ کھانا ان کو دیں |
| 22. حضرت عمر نے اعرابیوں سے خیر کی وصیت کیوں کی؟ | کیونکہ وہ عربی ہیں | کیونکہ وہ طاقتور ہیں | کیونکہ وہ عرب کی اصل ہیں | کیونکہ وہ کمزور ہیں |
| 23. حضرت عمر کے بعد خلافت کے معاملے کو کس شخصیت نے احسن طریقے سے حل کیا اور حضرت عثمان کو خلیفہ بنایا؟ | حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ |
| 24. پیارے آقا ﷺ نے فرمایا کل جھنڈا اس کو دیا جائیگا جسکے ہاتھ پر رب تعالی نے فتح رکھی وہ شخصیت کون تھے؟ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | زید بن حارث رضی اللہ عنہ |
| 25. جب پیارے آقا ﷺ نے پوچھا علی کہاں ہیں تو لوگوں نے کیا کہا کہ وہ کس مرض میں مبتلاء ہیں؟ | بخار | سر درد | آشوب چشم | پاؤں میں درد |
| 26. فواللہ لان یھدی بک رجلا واحدا خیر | حمرالبقر | ذھب | فضۃ | حمرالنعم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لک من ان یکون لک۔۔؟ | | | | |
| 27. حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سب سے زیادہ کونسا نام محبوب تھا؟ | علی | ابوتراب | ابوقحافہ | ابوحسن |
| 28. حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابو تراب کا لقب یا کنیت کس نے دی؟ | آپ ﷺ | ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ | عثمان غنی رضی اللہ عنہ |
| 29. کس ذکر کو آپ ﷺ نے غلام سے زیادہ بہتر فرمایا حضرت فاطمہ اور حضرت علی کے لئے؟ | استغفار | تکبیر، تسبیح، تحمید | درود پاک | آیت الکرسی |
| 30. آپ ﷺ نے کس سے فرمایا کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لئے حضرت ھارون۔ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ |
| 31. خَلق، خُلق کے اعتبار سے کس کو پیارے آقا ﷺ کا مشابہ کہا جاتا ہے؟ | جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | عثمان غنی رضی اللہ عنہ | زید بن حارث رضی اللہ عنہ |
| 32. وکان اخیر الناس للمسکین۔۔؟ | مولی علی رضی اللہ عنہ | ابو بکر صدیق رض اللہ عنہ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ | جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ |
| 33. ذوالجناحین کس کو کہا جاتا ہے؟ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ |
| 34. حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کس کے وسیلہ سے بارش مانگتے اپنے عہد خلافت میں؟ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ | حضرت حسن رضی اللہ عنہ | حضرت عباس رضی اللہ عنہ |
| 35. حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اپنی قرابت سے زیادہ کس قرابت سے صلہ رحمی کرنے کو زیادہ پسند کرتے تھے؟ | قرابت رسول اللہ ﷺ کو | قرابت عثمان رضی اللہ عنہ | قرابت عمر رضی اللہ عنہ | قرات زبیر بن عوام |
| 36. آپ ﷺ نے کس کو اپنے جسم کا ٹکڑا کہا؟ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا | حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ | حضرت زبیر رضی اللہ عنہ |
| 37. آپ ﷺ نے کن سے فرمایا کہ میرے دنیا سے چلے جانے کے بعد تم سب سے پہلے مجھ سے ملو گی؟ | حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا | حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا | حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا | حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| .38 اس امت میں آپ ﷺ کے حواری کون ہیں؟ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ | حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ | حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ |
| .39 سنۃ الرعاف کسے کہتے ہیں؟ | بخار کا سال | نکسیر کا سال | درد کا سال | غم کا سال |
| .40 غزوہ احزاب کے موقع پر آپ ﷺ نے اپنے کس صحابی کو قبیلہ بنو قریظہ کی خبر لینے کے لئے بھیجا؟ | حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | مولی علی رضی اللہ عنہ |
| .41 آپ ﷺ نے اپنے کن دو صحابیوں سے فرمایا میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں؟ | ابو بکر، عمر فاروق رضی اللہ عنہا | سعد بن ابی وقاص، زبیر عوام رضی اللہ عنہما | حسن، حسین رضی اللہ عنہما | طلحہ، زید بن حارث رضی اللہ عنہما |
| .42 وہ کونسے صحابی ہیں جو اپنے آپ کو ثلث الاسلام کہتے تھے؟ | سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ | زید بن حارث رضی اللہ عنہ | ابو بکر صدیق رضی اللہ | مولی علی رضی اللہ عنہ |
| .43 اللہ کی راہ میں سب سے پہلے تیر چلانے والے کونسے صحابی ہیں؟ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ | مولی علی رضی اللہ عنہ | زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ | سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ |
| .44 حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھا کے ہوتے ہوئے کس کو خطبہ نکاح بھیجا؟ | ابولھب کی بیٹی کو | ابو جہل کی بیٹی کو | ابو سفیان کی بیٹی کو | حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی بیٹی کو |
| .45 قریش نے "حب رسول اللہ" کس کو کہا؟ | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ | اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ | عثمان غنی رضی اللہ عنہ |

## مختصر سوالات

**سوال 1: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر مشتمل کوئی ایک حدیث پاک لکھیں۔**

جواب: پیارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا: عمر جس گلی سے گزرے گا شیطان وہ گلی چھوڑ دے گا۔

**سوال 2: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عورتوں سے کہا "کہ تم مجھ سے ڈرتی ہو حالانکہ حضور ﷺ زیادہ حق رکھتے ہیں کہ تم ان سے ڈرو" تو عورتوں نے کیا جواب دیا؟**

جواب: عورتوں نے آگے سے جواب دیا کہ آپ رسول اللہ ﷺ سے زیادہ سخت اور غصے والے ہیں۔

**سوال3: حضرت علی کرم اللہ وجھہ الکریم نے حضور ﷺ سے اکثر کیا سنا؟**

جواب: حضرت علی فرماتے ہیں: کہ میں نے اکثر پیارے آقا ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ "میں اور ابو بکر اور عمر گئے۔ میں داخل ہوا اور ابو بکر و عمر داخل ہوئے میں نکلا اور ابو بکر و عمر نکلے۔

**سوال4: جب احد پہاڑ جھومنے لگا تو پیارے آقا ﷺ نے اس سے کیا فرمایا؟**

جواب: پیارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کہ اے احد ٹھہر جا، کہ تجھ پر ایک نبی اور ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

**سوال5: جب اعرابی نے کہا کہ میں اللہ اور اسکے رسول سے محبت کرتا ہوں تو پیارے آقا ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟**

جواب: پیارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا "کل قیامت کے دن اسی کے ساتھ حشر ہو گا جس کے ساتھ دنیا میں محبت کرتے ہو۔

**سوال6: وہ کونسا واقعہ تھا جس کے سنانے کے بعد پیارے آقا ﷺ نے فرمایا اسی پر میں اور ابو بکر اور عمر ایمان لائے؟**

جواب: پیارے آقا ﷺ نے فرمایا: کہ ایک چرواہا بکریاں چرا رہا تھا کہ ایک بھیڑیا آیا اور اس نے ایک بکری کو پکڑ لیا تو چرواہے نے اس سے بکری کو چھڑا لیا تو اس بھیڑیئے نے کہا کہ اس دن انکا نگہبان کون ہو گا جب میرے سوا انکو کوئی چرانے والا نہیں گا اس واقعہ کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور ابو بکر و عمر اس پر ایمان لائے۔

**سوال7: جب پیارے آقا ﷺ مدینہ کے ایک باغ میں تشریف لے گئے تو کون کون سے صحابہ کرام آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جنت کی بشارت حاصل کی؟**

جواب: حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی۔ رضی اللہ عنھم

**سوال8: کوئی ایسے دو کارنامے بیان کریں جن پر عثمان غنی کو جنت کی خوشخبری ملی؟**

جواب: (1) پہلا یہ کہ پیارے آقا ﷺ نے فرمایا کون ہے جو بئر رومہ خرید کر مسلمانوں کو دے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ خریدا اس پر ان کو جنت کی بشارت ملی۔

(2) دوسرا یہ کہ آپ ﷺ نے فرمایا کون ہے جو جیش العسرہ کو سامان مہیا کرے اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کثیر سامان دیا جس پر جنت کی بشارت ملی۔

**سوال9: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں کیوں شریک نہیں ہوئے**

جواب: کیونکہ پیارے آقا ﷺ کی بیٹی ان کے نکاح میں تھیں جو کہ کافی بیمار تھیں تو آپ ﷺ نے ان کو ان کی تیمار داری کے لئے وہی ٹھہرنے کا فرمایا اسی لئے آپ حاضر نہیں ہوئے۔

**سوال10: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کیا پسند کرتے تھے کہ ان کو کہاں دفن کیا جائے؟**

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ پسند فرماتے تھے کہ ان کو ان کے صاحبوں کے ساتھ یعنی پیارے آقا ﷺ اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن کیا جائے حضرت عائشہ کے حجرے میں۔

**سوال:11 حضرت عمر نے جن صحابہ کرام کی شوریٰ بنائی ان کے نام لکھیں۔**

جواب: حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت سعد، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔ رضی اللہ عنہم۔

**سوال12: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابو تراب کیوں فرمایا گیا؟**

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ مسجد نبوی شریف میں لیٹے ہوئے تھے کہ آپ رضی اللہ عنہ کے مبارک جسم پر مٹی لگی ہوئی تھی تو پیارے آقا ﷺ تشریف لائے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا "اے ابو تراب"۔

حضرت علی فرماتے ہیں: یہ نام مجھے سب سے زیادہ محبوب لگتا جب مجھے کوئی بلاتا۔

**سوال13: پیارے آقا ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کس تسبیح کا کہا کہ وہ تمہارے لئے غلام سے بھی زیادہ بہتر ہے؟**

- 34 مرتبہ تکبیر یعنی اللہ اکبر
- 33 مرتبہ تحمید یعنی الحمد للہ
- 33 مرتبہ تسبیح یعنی سبحان اللہ

**سوال14: حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے استسقاء کی دعا کیسے مانگتے؟ عربی میں لکھیں۔**

جواب: "اللھم انا کنا نتوسل الیک بنبینا فتسقینا و انا نتوسل الیک بعم نبینا فاسقنا"

**سوال15: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت پر کوئی حدیث لکھیں۔**

جواب: پیارے آقا ﷺ نے فرمایا "فاطمہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جس نے اسے غضب ناک کیا اس نے مجھے غضب ناک کیا"

**سوال16: وہ کون سے خوش نصیب صحابہ ہیں جن سے پیارے آقا ﷺ نے فرمایا میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں؟**

جواب: (1) حضرت زبیر بن عوام

(2) حضرت سعد بن ابی وقاص